# Mpox کے لیے JYNNEOS ویکسین: عمومی سوالات

JYNNEOS ویکسین ان لوگوں کے لیے تجویز کی جاتی ہے جو حال ہی میں mpox (جسے پہلے منکی پاکس کہا جاتا تھا) کی زد میں آئے ہیں یا مستقبل میں زد میں آنے کا امکان ہے۔

**Jynneos ویکسین کس طرح کام کرتی ہے؟**
JYNNEOS ویکسین mpox اور اسمال پاکس کی روک تھام کے لیے منظور شدہ ہے۔ اس ویکسین میں ویکسینیا وائرس موجود ہے جو mpox اور اسمال پاکس وائرسوں سے متعلقہ ایک وائرس ہے، جس کو کمزور کیا گیا ہے، یہ انسانی خلیوں میں اپنی نقلیں نہیں بنا سکتا اور جسم کے دوسرے حصوں یا دوسرے لوگوں میں نہیں پھیل سکتا۔ ویکسین لگوانے والے فرد یا ان کے آس پاس موجود افراد میں یہ ویکسین mpox، اسمال پاکس یا ویکسینیا کا سبب نہیں بن سکتی۔

**ویکسین کس طرح لگائی جاتی ہے؟**
مریض یا فراہم کنندہ کی ترجیح کی بنیاد پر ویکسین سبکیوٹینیئس طور پر یا انٹراڈرمل طور پر دی جا سکتی ہے۔ دونوں طریقہ کار میں شاٹ لگانا درکار ہوتا ہے، عام طور پر بازو میں۔ جو لوگ 18 سال سے کم عمر ہیں انہیں صرف سبکیوٹینیئس طور پر ویکسین لگائی جا سکتی ہے۔ JYNNEOS ویکسین انٹراڈرمل طور پر لگانے کے متعلق مزید معلومات کے لیے **on.nyc.gov/jynneos-intradermal-ur** ملاحظہ کریں۔

**اس ویکسین کے عام ضمنی اثرات کیا ہیں؟**
ویکسینیشن کے بعد تھکاوٹ، سر درد اور پٹھوں میں درد ہو سکتا ہے۔ لوگوں کو انجیکشن لگنے کی جگہ پر سرخی، سوجن، درد اور خارش بھی ہو سکتی ہے، جو کہ انٹراڈرمل طور پر لگائے جانے کی صورت میں ساتھ زیادہ عام ہیں اور بدتر ہوتی ہیں اور زیادہ دیر تک رہتی ہیں۔

**مجھے اس کی کتنی خوراکیں درکار ہیں؟**
آپ کو کم از کم دو خوراکیں چار ہفتے کے وقفے سے لگوانی چاہئیں۔ آپ میں آپ کی پہلی خوراک کے بعد تحفظ پیدا ہونا شروع ہو گا لیکن ویکسین سے مکمل مدافعت دوسری خوراک کے دو ہفتوں کے بعد ہی حاصل ہو گی۔

**یہ ویکسین کتنا مؤثر کام کرتی ہے؟**
ابتدائی اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ JYNNEOS موجودہ وباء میں mpox کو روکنے میں مدد گار رہی ہے، لیکن یہ جاننے کے لیے مزید مطالعات کی ضرورت ہے کہ ویکسین کتنی اچھی طرح سے کام کرتی ہے۔ روک تھام کے دیگر اقدامات کو جاری رکھنا ضروری ہے، جیسے mpox کی علامات رکھنے والے لوگوں کے ساتھ جنسی تعلقات سے گریز کرنا۔

**اگر مجھے ویکسینیشن کے بعد صحت کے متعلق کوئی تشویشناک مسئلہ ہو جائے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟**
شدید الرجک رد عمل کی علامتوں میں چھپاکی نکل آنا، چہرے اور گلے کی سوجن، سانس لینے میں دشواری، دل کی دھڑکن تیز ہونا، چکر آنا اور کمزوری شامل ہیں۔ اگر آپ کو لگے کہ آپ کو شدید الرجک ردعمل ہو رہا ہے تو **911** پر کال کریں یا ہسپتال جائیں۔ اگر آپ کو کوئی اور ضمنی اثرات ہوں جن کے متعلق آپ کو تشویش ہو تو اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کریں، یا نگہداشت کے حوالے سے رابطے کے لیے **311** پر کال کریں۔ آپ کے فراہم کنندہ سے درکار کیا جاتا ہے کہ شدید منفی ردعملوں کی رپورٹ ویکسین کے منفی اثرات کی رپورٹنگ کے سسٹم (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) پر کریں لیکن آپ VAERS کو **vaers.hhs.gov** پر یا 800-822-7967 پر کال کر کے بھی رپورٹ کر سکتے ہیں۔ VAERS کا عملہ طبی مشورہ نہیں دیتا۔

**کیا HIV، کمزور مدافعتی نظام کے حامل یا جلدی امراض میں مبتلا افراد ویکسین لگوا سکتے ہیں؟**
جی ہاں۔ JYNNEOS کا HIV اور اٹوپک ڈرماٹائیٹس (ایگزیما) میں مبتلا افراد میں مطالعہ کیا گیا ہے اور کسی شدید منفی اثرات کی شناخت نہیں ہوئی۔ ان عوارض یا کمزور مدافعتی نظام کے حامل افراد کو mpox سے متاثر ہونے کی صورت میں زیادہ شدید بیماری ہو سکتی ہے،لہذا ان کے لیے یہ ضروری ہے کہ ان کا زد میں آنے کا خطرہ ہے تو وہ ویکسین لگوائیں۔ تاہم، کمزور مدافعتی نظام والے افراد میں

ویکسینیشن کے بعد مؤثر مدافعتی ردعمل پیدا کرنے کا امکان کم ہو سکتا ہے، لہذا اس لیے ویکسینیشن کے بعد بھی دیگر روک تھام کے اقدامات کو جاری رکھنا ضروری ہے۔

**کیا دل کے عارضے میں مبتلا افراد ویکسین لگوا سکتے ہیں؟**
کلینیکل ٹرائلز نے JYNNEOS کی ویکسینیشن کے بعد مایوکارڈائٹس (دل کی سوزش) کا بڑھتا ہوا خطرہ نہیں ظاہر کیا۔ تاہم، چونکہ اسمال پاکس کی روک تھام کے لیے منظور شدہ مختلف قسم کی ویکسین کے بعد مایوکارڈائٹس کا خطرہ بڑھ جاتا ہے، اس لیے ممکن ہے کہ JYNNEOS سے مایوکارڈائٹس کا خطرہ بڑھ جائے۔ جن لوگوں کو دل کے عوارض کے حوالے سے زیادہ خطرے والے تین یا زیادہ عوامل کا سامنا ہے، جیسے کہ ہائی بلڈ پریشر، ذیابیطس، ہائی کولیسٹرول اور سگریٹ نوشی، انہیں اس ممکنہ خطرے سے آگاہ رہنا چاہیے۔

**وہ لوگ جو حمل سے ہیں یا چھاتی کا دودھ پلا رہے ہیں انہیں ویکسین لگوانی چاہیے؟**
جی ہاں۔ وہ لوگ جو حمل سے ہیں یا دودھ پلا رہے ہیں ان میں JYNNEOS کے استعمال کے بارے میں محدود معلومات موجود ہیں۔ جانوروں پر ہونے والے مطالعے نے بننے والے جنین کو نقصان پہنچنے کے کوئی شواہد نہیں دکھائے ہیں۔ چونکہ ویکسین میں موجود وائرس خود کو انسانی خلیوں میں نقل نہیں کر سکتا، اس لیے چھاتی کا دودھ پینے والے شیر خوار بچوں کو کوئی خطرہ نہیں ہوتا۔ جو لوگ حال ہی میں mpox کی زد میں آئے ہیں انہیں ویکسین لگوانی چاہیے، قطع نظر اس کے کہ وہ حاملہ ہیں یا دودھ پلا رہے ہیں۔

**کون ویکسین نہیں لگوا سکتا؟**
جن لوگوں کو JYNNEOS کی پہلی خوراک سے شدید الرجک رد عمل ہوا تھا انہیں ویکسین نہیں لگوانی چاہیے۔ وہ لوگ جنہیں پہلے جینٹا مائی سین یا سپروفلوکسیسن، یا چکن یا انڈے کے پروٹین سے شدید الرجک ردعمل ہوا ہے اور وہ اس وقت چکن یا انڈوں کی تمام پروڈکٹس سے پرہیز کر رہے ہیں، انہیں ویکسین لگوانے سے پہلے اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ یا ویکسینیشن سائٹ پر فراہم کنندہ سے بات کرنی چاہیے۔

**کیا ان لوگوں کو ویکسین لگوانی چاہیے جن کو پہلے mpox ہو چکا ہے؟**
نہیں، مئی 2022 میں شروع ہونے والی اس وباء کے دوران جن لوگوں میں mpox کی تشخیص ہوئی تھی، انہیں اس وقت ویکسین نہیں لگوانی چاہیے کیونکہ ان کو ممکنہ طور پر کچھ تحفظ حاصل ہے۔ زیادہ تر لوگ جن میں ویکسین کی پہلی خوراک لینے کے بعد mpox کی تشخیص ہوئی تھی انہیں دوسری خوراک کی ضرورت نہیں ہے۔ وہ لوگ جن کا مدافعتی نظام انتہائی کمزور ہے وہ اپنے فراہم کنندہ سے اس بارے میں بات کریں کہ آیا دوسری خوراک ضروری ہے۔

**جن لوگوں کو پہلے اسمال پاکس کی ویکسین لگ چکی ہے کیا ان کو ویکسین لگوانی چاہیے؟**
جن لوگوں کو اس وباء کے پھیلنے سے پہلے اسمال پاکس سے تحفظ کی ویکسین لگ چکی تھی ان کو mpox کی زد میں آنے کی صورت میں ویکسین لگوانی چاہیے یا اگر دیگر صورت میں انہیں mpox سے خطرہ ہے تو بھی ان کو ویکسین لگوانی چاہیے کیونکہ اسمال پاکس ویکسین سے حاصل ہونے والا تحفظ وقت گزرنے کے ساتھ کم ہو سکتا ہے۔

**کیا میں اس ویکسین کو دوسری ویکسینوں کے ساتھ ایک ہی وقت میں لگوا سکتا ہوں؟**
JYNNEOS ویکسین زیادہ تر دوسری ویکسینوں، بشمول فلو اور COVID-19 کی ویکسینیں، سے پہلے، بعد یا ان کے ساتھ ایک ہی وقت میں لگائی جا سکتی ہے۔ تاہم، مایوکارڈائٹس کے زیادہ خطرے میں مبتلا لوگ، خاص طور پر 12 سے 39 سال کی عمر کے مرد، COVID-19 ویکسینیشن کے بعد مایوکارڈائٹس کے نایاب خطرے کو مد نظر رکھتے ہوئے JYNNEOS ویکسین لگوانے کے بعد COVID-19 ویکسین لگوانے کے لیے چار ہفتے کا وقفہ کرنے پر غور کر سکتے ہیں۔ اگر آپ حال ہی میں mpox کی زد میں آئے ہیں تو آپ کو JYNNEOS ویکسین لگوانے کا انتظار نہیں کرنا چاہیے، چاہے آپ کو حال ہی میں COVID-19 ویکسین لگی ہو۔ اگر آپ کے ذہن میں اس حوالے سے سوالات ہیں کہ ویکسین کب لگوانی چاہیے تو اپنے فراہم کنندہ سے بات کریں۔

مزید معلومات کے لیے، بشمول ویکسین کی اہلیت کے بارے میں جاننے کے لیے، **nyc.gov/mpox** ملاحظہ کریں۔ ویکسینیشن سائٹ تلاش کرنے کے لیے **nyc.gov/vaccinefinder** ملاحظہ کریں۔

**صورتحال کے ارتقاء کو دیکھتے ہوئے NYC محکمہ صحت سفارشات تبدیل کر سکتا ہے۔**

1.19.23 Urdu